عورتوں کی جلسہ گاہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب

"احمدی گھروں کو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھروں کی جنت میں تبدیل کریں"

"عصرِ حاضر کا انسان نمونہ چاہتا ہے، وہ کہتا ہے کہ جس جنت کا دعویٰ کرتے ہو وہ ہمیں آنکھوں سے دکھاؤ"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عائلی زندگی کے اسوہ حسنہ کے موضوع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا خطاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ ۲۷ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدی مردوں پر زور دیا ہے کہ وہ عورتوں کے حقوق کی ادائیگی کی طرف خاص توجہ دیں اور اپنے گھروں میں وہ جنت پیدا کریں جو اسلامی معاشرہ کے قیام کا تقاضا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آج دوپہر یہاں خواتین کے جلسہ سالانہ سے خطاب فرما رہے تھے۔ حضور کا یہ خطاب براہ راست مردوں کے جلسہ سالانہ میں بھی ریلے کیا گیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ گیارہ بج کر دس منٹ پر زنانہ جلسہ گاہ میں تشریف لائے تلاوت و نظم اور تعلیمی تمغہ کی تقسیم کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے گیارہ بجکر ۴۸ منٹ پر خطاب کا آغاز فرمایا۔

حضور نے فرمایا ساری دنیا میں احمدی عورتیں بیدار ہو رہی ہیں اور اپنی ذمہ داریاں پہلے سے بڑھ کر ادا کر رہی ہیں۔ حضور نے فرمایا گزشتہ سال پردے کی جو تحریک میں نے کی تھی۔ ساری دنیا کی احمدی خواتین میں اس کا بہت ہی اچھا ردعمل ہوا ہے۔ اور ساری دنیا میں ایک بھی جگہ کہیں یہ واقعہ نہیں ہوا مغربیت سے متاثر عورتیں ایک آواز پر واپس آگئی ہوں۔ حضور نے اس ضمن میں نہایت ایمان افروز واقعات بیان فرمائے۔

حضور نے فرمایا ان باتوں سے جہاں دل اللہ تعالیٰ کے شکر اور حمد سے بھر گیا وہاں یہ بھی خیال آیا عورتوں کی محض ذمہ داریاں ہی نہیں ہیں ان کے حقوق بھی ہیں۔ اس کے لئے مردوں کو سمجھانا پڑے گا کہ تمہارے فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہیں۔ جن کی ادائیگی کے بغیر معاشرے میں توازن پیدا نہیں ہو سکتا۔ حضور نے فرمایا اس لئے میں نے آج کی تقریر کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عائلی زندگی کے اسوۂ حسنہ کا موضوع منتخب کیا ہے۔

حضور نے فرمایا معاشرے کی سب سے بہترین جنت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نازل ہوئی۔ حضور کی ازواج مطہرات سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنِ سلوک کی جو مثال قائم کی، وہ زندہ رہنے والے نمونے دنیا کی نظر سے تو اوجھل ہو گئے تھے۔ مگر یہ دیکھ کر دکھ ہوا کہ بہت سے احمدی گھروں میں بھی یہ نمونے نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ حضور نے فرمایا جب تک عورت کے حقوق ادا نہیں کئے جائیں گے۔ مسلمان عورت معاشرے میں مثالی کردار ادا نہیں کر سکے گی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عائلی زندگی اور روزمرہ کے دستور میں ایک ایسے خاوند کی جھلک نظر آتی ہے۔ جو بے تکلفی سے گھر کے کام میں ہاتھ بٹاتا ہے۔ آپ اپنے کپڑے سی لیتے تھے۔ جوتا مرمت کر لیتے تھے۔ بکری کا دودھ دوہ لیتے تھے۔ سارے کام خود کرتے تھے حضور سے زیادہ کوئی خوش خلق نہیں تھا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نہایت تفصیل کے ساتھ سیدنا و مولانا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گھریلو زندگی کے چھوٹے چھوٹے واقعات نہایت مؤثر اور دلنشین انداز میں بیان فرمائے۔ جن سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گھریلو زندگی کے بارے میں نہایت حسین اور خوبصورت تصویر ابھر کر سامنے آجاتی ہے۔

حضور نے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو جو شرف اور مرتبہ دیا وہ دنیا میں کبھی کسی نے نہیں دیا آج ہم دنیا کو یہ بتاتے ہیں کہ اسلام نے عورت کو یہ عظیم مرتبہ عطا کیا ہے۔ ہم دنیا کو تاریخ کے واقعات بتا کر قائل بھی کر لیتے ہیں مگر عصر حاضر کا انسان نمونہ مانگتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہمیں ماضی کا پتہ نہیں۔ وہ جنت جس کا آپ دعوے کرتے ہیں ہماری آنکھوں کے سامنے دکھاؤ تو ہم مانیں گے۔

حضور نے فرمایا امر واقعہ یہ ہے کہ اسلام کی جنت زندگی کے ساتھ ساتھ چلتی ہے۔ آج احمدی نے یہ دعوے کیا ہے کہ ہم اپنے آقا و مولا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی جنت کو قائم کر رہے ہیں۔ یہ ہمیشہ رہنے والی جنت ہے۔

حضور نے بآواز بلند فرمایا آج احمدی گھروں کو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھروں کی جنت میں تبدیل کرنا ہوگا اس کے سوا نجات کا اور کوئی راستہ نہیں۔ سوائے محمد مصطفےٰ کے اسوۂ حسنہ کو دنیا کے سامنے پیش کرنے والے احمدی! اس جنت کو ساتھ لے کر چلنا۔ اس کے بغیر آج دنیا کے گھروں کی عائلی زندگی میں جہنم بھڑک رہی ہے۔ آج مغربی اور مشرقی قوموں کے گھروں کا امن و سکون اٹھ چکا ہے۔ حضور نے فرمایا مجھے یقین کہ احمدی جان قربان کر دیں گے مگر احمدی خدا کے بھیجے ہوئے معاشرے کو دوبارہ زندہ کر کے رہیں گے۔

خدا آپ کے ساتھ ہو۔

براعظم آسٹریلیا میں پہلی احمدیہ مسجد کے خوش بخت مالی مجاہدین

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے براعظم آسٹریلیا میں "المسجد بیت الھدیٰ" کے وعدہ کنندگان بڑی مستعدی کے ساتھ نہایت اعلیٰ اخلاص اور ایمان کے مظاہرے کرتے ہوئے بڑھ چڑھ کر ادائیگیاں کر رہے ہیں۔ تازہ رپورٹس کے مطابق اکیس مزید احباب نے ۸۳۴۹ ڈالرز ادا کر کے اپنے وعدوں کی سو فیصد ادائیگی کر دی ہے۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان سب مخلصین کی قربانی کو قبولیت سے نوازے۔ ان کی خدمت و قربانی کی توفیق کو بڑھاتا رہے۔ ان کو جملہ مشکلات سے نجات دے۔ اور یہ ہمیشہ اس کی حفظ و امان میں رہیں۔ آمین

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید ربوہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ ربوہ

روزنامہ الفضل

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۷/۷۲ | بتاریخ ۲۵ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ :: ۲۸ فتح ۱۳۶۲ش :: ۲۸ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۹۳

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تبصرۂ کتب

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا تعارف

نام کتب :- انٹروڈیوسنگ دی بکس آف دی پرامزڈ میسایا (INTRODUCING THE BOOKS OF PROMISED MESSIAH)

(حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا تعارف)

مرتب: مکرم مولانا نسیم سیفی صاحب وکیل التصنیف تحریک جدید۔

شائع کردہ: وکالت تصنیف ربوہ پاکستان۔ سائز: درمیانہ

صفحات: ۱۳۰ - طابع: لوڈو (LUDO) پریس لمیٹڈ لندن۔

یہ کتاب سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ کتب کے مختصر تعارف پر مبنی ہے اور انگریزی زبان میں شائع کی گئی ہے۔ یہ کتاب کا نہایت جامع تعارف اس کا علمی مرتبہ مضامین کا تعارف اور کتاب کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ شروع میں مؤلف کی دو انگریزی نظمیں درج ہیں۔ اس کے بعد اشاعت زمانی کی ترتیب سے کتب کا تعارف دیا گیا ہے۔ اس کتاب کا پیش لفظ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے لکھا ہے۔ یہ کتاب طباعت کمپوزنگ اور اعلیٰ کاغذ کے استعمال کے لحاظ سے نہایت اونچے معیار کی حامل ہے۔ سرورق نہایت خوبصورت چمکدار کارڈ کا ہے۔ انگریزی دان طبقے کو پیش کرنے کے لئے ایک ضروری کتاب ہے۔

(ی۔ س۔ ش)

نہایت ضروری امور

جلسہ سالانہ کے پُر ہجوم مبارک ایام میں کئی دفعہ بچے ادھر ادھر ہو کر والدین کے لئے پریشانی کا موجب بنتے ہیں۔ اسی طرح بعض اوقات کوئی قیمتی چیز گم ہو جاتی ہے یا نادانستہ طور پر تبدیل ہو جاتی ہے اس صورت میں چند نہایت ضروری امور ہمیشہ مدنظر رکھنا لازم ہیں۔

- بچوں کی جیب میں ایسے کارڈ ڈالے رکھیں جن پر بچے کا نام۔ ولدیت اور ربوہ میں قیام کا پتہ درج ہو۔
- یہ کارڈ آپ کو ایام جلسہ سالانہ میں دفتر معلومات کے علاوہ اسٹیشن اور لاؤڈ لاریاں کے وفاتر نظامت خدمت سے ہر وقت مل سکیں گے۔
- دوران سفر، ریل گاڑی بس یا تانگہ سے اترتے وقت اپنے سامان کی خصوصاً حفاظت کا پڑتال فرمادیں۔
- کوئی چیز گم ہو جانے یا کسی بچہ کے اِدھر اُدھر ہو جانے پر فوراً دفتر معلومات سے رابطہ قائم فرمادیں۔
- اگر آپ کو کوئی گری پڑی چیز ملے یا پریشان حال بچہ نظر آئے تو اسے بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچادیں۔
- یاد رہے کہ دفتر معلومات و گمشدہ اشیاء آپ کی خدمت کے لئے ۲۲ دسمبر سے دن رات کھلا رہے گا۔

(ناظم معلومات و گمشدہ اشیاء)

مجلس حسنِ بیان کا قیام

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ شعبہ تعلیم کے تحت ربوہ کی جملہ مجالس نے اپنے اپنے حلقہ جات میں مجلسِ حسن بیان کا قیام کیا ہے۔ ماہ نومبر ۸۳ء کے دوران ان مجالس کے زیر اہتمام ہر محلہ کی سطح پر تلاوت کے مقابلے کروانے کا پروگرام ہے۔ ان مجالس نے کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ اب تک موصول ہونے والی رپورٹس کے مطابق ۱۸ تا ۱۷ نومبر تک سات مجالس

دارالنصر غربی۔ دارالنصر وسطی۔ دارالعلوم غربی حلقہ خلیل۔ دارالعلوم وسطی۔ دارالرحمت شرقی ب۔ حلقہ بلال۔ دارالعلوم شرقی تلاوت کے مقابلے کروا چکی ہیں۔ رپورٹس کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔

احباب جماعت کی خدمت میں خدام کی روحانی ترقیات کے لئے دعا کی درخواست ہے

(ناظم تعلیم ربوہ)

وقف عارضی پر رحمتوں کا نزول

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

"ہم میں سے جو دوست وقفِ عارضی پر گئے ہیں۔ انہوں نے یہ مشاہدہ کیا ہے اور ان کی رپورٹوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ چونکہ ہمارے بھائی اخلاص کے ساتھ وقفِ عارضی کے لئے باہر گئے ہیں۔ اس وقت وہ دنیوی علائق سے آزاد ہوتے ہیں۔ گھر کا کوئی فکر نہیں ہوتا۔ پوری توجہ کے ساتھ اور پورے انہماک کے ساتھ دعا اور استغفار کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کو بڑی کثرت کے ساتھ اپنے پر نازل ہوتے دیکھتے ہیں"۔

احباب جماعت ہر سال دو ہفتہ کے لئے وقفِ عارضی میں حصہ لے کر اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کو بڑی کثرت کے ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد ربوہ)

جواں ہمت عہدداروں کی مساعی

اپنے مقدس امام ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی تعمیل میں

تحریک جدید کے مالی میدان میں جماعت احمدیہ کراچی ولاہور نے ہی امسال نمایاں قربانی پیش نہیں کی بلکہ بہت سی دیگر جماعتیں بھی اس سلسلہ میں عمدہ نمونہ پیش کر رہی ہیں۔ عہدیداران کی قابلِ قدر مساعی کو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ تازہ اطلاع کے مطابق مکرم کیپٹن عبدالخالق صاحب سیکرٹری جماعت احمدیہ راولپنڈی ۲۳،۵۴۶ روپے کی ایک لسٹ بھجوا کر تحریر فرماتے ہیں کہ تیسری قسط بھی انشاء اللہ العزیز عنقریب بھیج دی جائے گی۔ جزاہم اللہ تعالیٰ۔ جلسہ سالانہ سے پہلے جملہ جماعتیں گزشتہ سال کی نسبت نمایاں اضافہ کے ساتھ وعدے اپنے مقدس امام کے حضور پیش کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔

(وکیل المال اوّل تحریک جدید ربوہ)

اعلیٰ نمایاں کامیابی

نشتر میڈیکل کالج کے طالب علم تحریم بٹ نے امسال تھرڈ پروفیشنل بی۔ ڈی۔ ایس کے امتحان میں ۵۰۰ نمبروں میں سے ۲۹۱ نمبر حاصل کر کے بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں اوّل پوزیشن حاصل کی ہے۔

احباب سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے انہیں آئندہ ترقیات سے نوازے اور ہمیشہ حافظ و ناصر ہو آمین

(اقبال حسین اختر۔ ناظم اشاعت و امور طلباء خدام الاحمدیہ ملتان شہر)

ترسیل چندہ تحریکِ جدید کے بارے میں

ایک ضروری گزارش

بعض انسپکٹران تحریک جدید کی رپورٹ سے ظاہر ہوا ہے کہ بفضل خدا چندہ تحریک جدید بڑی تیزی سے جماعتوں میں جمع ہو رہا ہے۔ مخلصین جماعت اپنے مقدس امام ایدہ اللہ تعالیٰ کی تیز رفتاری کے پیش نظر مالی قربانیوں میں سابقت کی روح سے حصہ لے رہے ہیں۔ اندریں صورت عہدیدارانِ جماعت سے گزارش ہے کہ وہ چندہ تحریک جدید جلد از جلد مرکز میں پہنچانے کا اہتمام فرمایا کریں۔ تیس لاکھ روپے کے بجٹ میں سے قریباً دو لاکھ روپے ابھی مرکز میں جلد از جلد پہنچنا ازبس ضروری ہے۔ جلسہ سالانہ پر اس بقیہ رقم کو بہرحال مرکز میں پہنچانے کا اہتمام فرمایا جائے۔ جزاہم اللہ تعالیٰ

(وکیل المال اوّل تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دعائے مغفرت

محترمہ امۃ الحکیم صاحبہ اہلیہ شیخ طاہر احمد صاحب ظفر جو کہ شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم کی صاحبزادی اور حضرت شیخ محمد احمد صاحب منظر ایڈووکیٹ امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع فیصل آباد کی بہو تھیں مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۹۸۳ء بوقت نماز مغرب ۴۶ سال کی عمر میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔
انا للہ وانا الیہ راجعون!

مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند سلسلہ کے ساتھ گہرا تعلق رکھنے والی۔ نیک سیرت اور مہمان نواز خاتون تھیں۔ مرحومہ نے اپنے پیچھے چار لڑکیاں اور دو لڑکے یادگار چھوڑے ہیں۔ سب سے چھوٹے بچے کی عمر قریباً چھ سال ہے ابھی تک صرف ایک ہی بڑی لڑکی کی شادی ہوئی تھی۔

اگلے روز مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۸۳ء کو جنازہ فیصل آباد سے ربوہ لے جایا گیا اور بعد نماز ظہر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نماز جنازہ پڑھائی چونکہ مرحومہ موصیہ تھیں اس لئے تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی اور قبر تیار ہونے پر محترم سید احمد علی شاہ صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کرائی۔

مرحومہ کی وفات سے حضرت شیخ محمد احمد صاحب منظر ایڈووکیٹ۔ برادرم شیخ طاہر احمد صاحب ظفر اور دیگر ورثاء کو گہرا صدمہ ہوا ہے لہٰذا بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت سے درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے فضل سے اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے اور سب لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے اور خدا تعالیٰ مرحومہ کی اولاد کا خود کفیل و کارساز ہو آمین۔

(حافظ محمد اکرم حفیظ منتظم کلرک جماعت احمدیہ فیصل آباد)

:- پتہ درکار ہے :-

• - مکرم شیخ محمد حنیف صاحب وصیت نمبر ۱۳۸۱۸ ولد شیخ محمد لطیف صاحب سابقہ پتہ۔ المنصور جام پور روڈ فرید آباد کالونی ڈیرہ غازی خاں کے بارہ میں اگر کسی دوست کو پتہ ہو یا اگر یہ خود اعلان پڑھیں تو اپنے موجودہ پتہ سے دفتر ہذا کو مطلع فرمادیں۔ (سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

• - مکرم مبشر احمد صاحب اختر ولد روشن دین صاحب وصیت نمبر ۱۷۳۵۸ نے گول بازار ربوہ سے ۱۸/۵/۶۴ کو وصیت کی۔ بعد میں ان کی طرف سے رحمٰن آباد باندھی ضلع نواب شاہ سے ادائیگی ہوتی رہی ہے۔ اگر کسی دوست کو ان کے موجودہ ایڈریس کا علم ہو یا وہ خود یہ اعلان پڑھیں تو اپنے موجودہ ایڈریس سے نظارت ہذا کو مطلع فرمائیں۔ (سیکرٹری مجلس کارپرداز)

جلسہ سالانہ کے موقع پر علمی تحفہ

:کتاب:

راہنما سپینش

بمعہ کیسٹ

مصنفہ: اقبال احمد نجم سابق مبلغ سپین جس کی تیاری پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ ۱۹۸۲ء پر مصنف کو مبارکباد دے چکے ہیں۔ سپینش زبان کی کیسٹ بھی آرپیکو سے دستیاب ہے۔

- ملنے کا پتہ -

• آرپیکو گول بازار۔ ربوہ
• احمدیہ بک ڈپو
• الشرکۃ الاسلامیہ ربوہ

اَلنَّاسُ کَاَسْنَانِ الْمُشْطِ تمام لوگ کنگھی کے دندانوں کی مانند ہیں
(حدیث النبیؐ)

مَا قَلَّ وَکَفٰی خَیْرٌ مِّمَّا کَثُرَ وَاَلْھٰی
جو مال تھوڑا اور کافی ہو وہ بہتر ہے بہ نسبت اس کے جو زیادہ ہو مگر غافل کردے۔ (حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

الداعی الی اللہ کا بہترین حربہ

"وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گذرا کہ لاکھوں مُردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان سے الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں ایک دفعہ ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اُسے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا۔ اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس اُمّی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔" (برکات الدعا ص۱۱)

اگر آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے

جلسہ سالانہ کے ایام میں اگر آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے یا تبدیل ہو جائے۔ اسی طرح خدانخواستہ آپ کا کوئی بچہ ادھر ادھر ہو جائے تو فوراً دفتر معلومات سے رابطہ قائم فرمادیں جو ۲۲ دسمبر سے انشاء اللہ آپ کی خدمت کے لئے دن رات کھلا رہے گا۔

• - اسی طرح اگر آپ کو کسی جگہ کوئی چیز گری پڑی ملے یا کوئی پریشان حال بچہ دکھائی دے تو فوراً دفتر معلومات میں بحفاظت پہنچا دیں یا اطلاع کریں۔

• - اپنی چیزوں اور بچوں کی خود حفاظت فرمادیں۔ بچوں کی جیب میں کارڈ ضرور ڈالے رکھیں جس پر بچے کا نام۔ ولدیت اور ربوہ میں قیام کا پتہ درج ہو۔

• - ایسے جیبی کارڈ آپ کو دفتر معلومات کے علاوہ نظامت خدمت اڈہ لاریاں و اسٹیشن نیز دواخانہ حکیم نظام جان چوک مسجد اقصیٰ سے مل سکتے ہیں۔

(ناظم معلومات و گمشدہ اشیاء)

معاونین خصوصی تحریک جدید بیرون پاکستان

بیرون پاکستان کے مندرجہ ذیل احباب وخواتین نے تحریک جدید کے مالی جہاد میں نمایاں وعدہ کر کے معاونین خصوصی میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کی ہے۔ احباب دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کے اموال ونفوس میں برکت ڈالے اور بیش از بیش قربانیوں کی توفیق دیتا چلا جائے۔

صف اوّل:

مسعود احمد صاحب ہاشمی	۱۹۳ پونڈ
حسین احمد الصبیحی القزق صاحب	۱۶۷ "
چوہدری عبدالغنی صاحب	۱۳۶ "
مظفر حسین صاحب	۱۳۶ "
شگفتہ نذیر صاحبہ	۱۱۵ "
سلیم احمد صاحب	۱۱۳ "
چوہدری عبدالقادر صاحب	۱۱۳ "
ناصر احمد صاحب باجوہ	۱۰۲ "
ناصر احمد صاحب ہاشمی	۶۱ پونڈ
چوہدری محمد افضل صاحب	۵۸ "
قدسیہ سعید صاحبہ	۵۸ "
نذیر احمد صاحب منہاس	۵۴ "
زبیدہ خانم چوہدری صاحبہ	۵۴ "
سلیمہ باجوہ صاحبہ	۵۴ "
شفقت باجوہ صاحبہ	۵۴ "
امۃ القیوم شکور صاحبہ	۵۴ "
عذرا ظفر صاحبہ	۵۴ "
امۃ المنیر نصر اللہ صاحبہ	۵۴ "
انور حسین صاحب	۵۰ "

صف دوم:

عبدالرحیم صاحب	۹۵ پونڈ
عزیز احمد صاحب	۹۲ "
افتخار احمد صاحب عزیز	۹۱ "

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید) ربوہ

کَادَ الْفَقْرُ اَنْ یَّکُوْنَ کُفْرًا قریب ہے کہ غریبی کفر بن جائے
(حدیث النبیؐ)

الفضل کی توسیع اشاعت

محترم مولانا محمد اشرف صاحب ناصر مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ کراچی نے الفضل کی توسیع اشاعت میں نمایاں کام کیا ہے۔

ان کی کوششوں کے نتیجہ میں الفضل کے ۹۷ نئے خریدار بنے ہیں۔ نیز مختلف احباب نے مبلغ -/۱۳۹۵ کی رقم ارسال فرمائی ہے۔

احباب سے درخواست ہے کہ ان کے لئے درد دل سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو دینی اور دنیوی نعمتوں سے مالا مال کرے۔ آمین۔

(خاکسار مینیجر الفضل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ولادت باسعادت

● مکرم عبدالرفیق صاحب آف قاضی احمد ضلع نوابشاہ حال پرنسپل احمدیہ سیکنڈری سکول پوسٹن غانا کو اللہ تعالیٰ نے بتاریخ ۲۹ اکتوبر ۱۹۸۳ء تیسری بچی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچی کا نام "شاہدہ رفعت" تجویز فرمایا ہے نیز دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک بخت بنائے۔ دونوں جہان کی بھلائیاں عطا فرمائے۔ عمر اور صحت دے اور ہمیشہ خدمت کرنے والوں کی صفِ اوّل میں شامل رکھے اور اپنے والدین اور سب محبت کرنے والوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے رکھے۔ آمین

مکرم ڈاکٹر عبدالقدیر صاحب نے اپنی پوتی کی ولادت کی خوشی میں روزنامہ الفضل بطور اعانت کسی مستحق کے نام جاری کرنے کے لئے ۱۲۵/- روپے ادا کئے ہیں۔
(مبارک احمد ناصر مربی سلسلہ۔ محمود ہال لیاقت مارکیٹ نوابشاہ)

● خاکسار کے ماموں مکرم نسیم حسین ایاز صاحب عابد حال جرمنی کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۸۳ء کو جرمنی میں پہلا لڑکا عطا کیا ہے۔ نومولود مولینا غلام حسین ایاز مرحوم سابق مبلغ سنگاپور ملایا کا پہلا پوتا ہے اور عابد صاحب مکرم مولینا ملک محمد عبداللہ صاحب مرحوم برادر مولوی عبدالرحمٰن صاحب جٹ مرحوم سابق امیر جماعت احمدیہ قادیان کے نواسے ہیں۔
احباب سے درخواست ہے کہ وہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت والی لمبی زندگی عطا کرے اور سلسلہ احمدیہ کا مخلص خادم بنائے (آمین)
(ملک مبشر احمد ابن مکرم ملک عبداللطیف صاحب ستکوہی۔ ناظم انصاراللہ ضلع لاہور)

اعلان نکاح

عزیزہ مریم صدیقہ صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر عبدالشکور اسلم صاحب سیکرٹری تعلیم القرآن جماعت احمدیہ کراچی کا نکاح ہمراہ عزیزم مکرم شیخ کلیم اللہ صاحب ابن مکرم شیخ فیض اللہ صاحب مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۸۳ء بروز جمعہ قبل از نماز جمعہ احمدیہ ہال کراچی میں مبلغ ۲۵ ہزار روپے حق مہر پر مکرم چوہدری احمد مختار صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی نے پڑھا۔
نکاح سے قبل محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ کراچی نے دونوں خاندانوں کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ دونوں خاندان سلسلہ کے قدیمی خادم اور مخلصین میں شامل ہیں۔
احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے بہت بابرکت کرے۔
(عبدالرشید سماٹری نائب ناظم عمومی و اشاعت مجلس انصاراللہ ضلع کراچی)

حضرت اقدس فرماتے ہیں
"توبہ استغفار کرتے رہو۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جو استغفار کرتا ہے اُسے رزق میں کشائش دیتا ہے۔"
(البدر ۶ فروری ۱۹۰۸ء صفحہ ۵)

ہر گھر میں ہر وقت رکھنے کی دوا
ہاضمون
گھر کا ڈاکٹر
نصرت دواخانہ
بالمقابل ایوان محمود گولبازار ربوہ

جلسہ سالانہ
کے مبارک موقع پر
احباب جماعت میں ایک عمدہ پیشکش اور ایک بیج جو (۱) کلمہ طیبہ (۲) آیت قرآنی فاستبقوا الخیرات اور LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE پر مشتمل ہے۔ خریدیئے
(نیز)
مشینری سپیئر پارٹ بنوانے کیلئے رجوع فرمائیں
پروپرائیٹر:۔ سید منیر احمد
تعاون: مائیکرو انجینئرنگ ورکس
چوک اہل حدیث جہلم

سب سے پہلے
مرض الٹھرا کی
دوا پیش کرنے والے
مشہور دواخانہ
(حکیم نظام جان مرحوم والا)
گوجرانوالہ — ربوہ
فون نمبر ۷۴۸۴۴ — فون نمبر ۶۳۸

کیورٹو میڈیسن کمپنی اور کلینک
چوک گولبازار ربوہ میں منتقل ہو چکے ہیں۔ پہلی عمارت میں اب صرف ادویات کا سٹور رہے۔ احباب کی معلومات اور سہولت کے لئے جلسہ سالانہ (۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر) کے دنوں میں گول بازار میں مسجد المہدی سے ملحقہ میدان میں کیورٹو نمائش منعقد کی جا رہی ہے۔ جہاں کیورٹو سسٹم آف میڈیسن سے متعلق ادویات لٹریچر اور معلومات آپ بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔
منیجر کیورٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون نمبر ۶۰۶

CURES - کیورز
کیا ہیں؟
● ان میں حیرت انگیز شفا کیوں ہے؟
● پرانی ضدی امراض کیونکر ختم ہو سکتی ہیں؟
● اپریشن سے بچانے والے نسخے؟
ان تمام معلومات کیلئے کیورٹو سسٹم کا لٹریچر ۵۰ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر حاصل کریں
کیورٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ
فون ۶۰۶/۶۰۷

قرآن مجید (مع ترجمہ و تفسیر)
مولفہ ——— الحاج پیر صلاح الدین
دیدہ زیب کتابت کے ساتھ اعلیٰ کاغذ پر طبع شدہ قریباً تین ہزار صفحات پر مشتمل
چار جلدوں کا مکمل سیٹ
نہایت سلیس اور رواں ترجمہ۔ مختصر مگر جامع تفسیری نوٹس جلسہ سالانہ کے موقع پر نصرت آرٹ پریس گولبازار ربوہ اور دیگر کتب فروشوں سے خرید فرمائیں۔
ہدیہ مکمل سیٹ صرف یک صد ساٹھ (۱۶۰/-) روپے
شائع کردہ: قرآن پبلیکیشنز ● اسلام آباد

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو
خوش آمدید
حضرت حکیم نظام جان رح
کا:
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ
عورتوں کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے
مینیجر: محمود احمد
اقصیٰ چوک تردیٹر بکس ربوہ

احمد گرائنڈنگ مشین والوں کی طرف سے جلسہ سالانہ مبارک ہو
ہر نقطۂ نظر سے پسندیدہ ہلدی۔ مرچ۔ دھنیا۔ نمک خالص اور معیاری مصالحہ جات
بیاہ شادی دعوتوں کے لئے اور بہترین ڈرائی فروٹ خریدنے کے لئے تشریف لائیں: چمن مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
پروپرائٹر: حاجی شیخ منیر احمد • حاجی ادریس احمد • داؤد احمد